زمبابوے اے کو فالو آن کا سامنا، مہران ممتاز کی پانچ وکٹیں

کوئنکوے، 5 مئی 2023:

لیفٹ آرم اسپنر مہران ممتاز کی پانچ وکٹوں کی عمدہ کارکردگی کے نتیجے میں زمبابوے اے کو پاکستان شاہینز کے خلاف چار روزہ میچ میں فالو آن کا سامنا کرنا پڑا۔

کوئنکوے میں کھیلے جانے والے میچ کے تیسرے روز میزبان ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 225 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ کھیل ختم ہونے پر اس نے دوسری اننگز میں 157 رنز بنائے تھے اور اس کا ایک کھلاڑی آؤٹ ہوا تھا۔

زمبابوے اے نے اپنی پہلی اننگز 112 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ پر دوبارہ شروع کی لیکن پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی کے نتیجے میں چھ وکٹیں اسکور میں صرف 113 رنز کا اضافہ کرسکیں۔ کپتان روئے کایا سات چوکوں کی مدد سے 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے لیفٹ آرم اسپنر مہران ممتاز نے 47 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

تیز بولر محمد علی نے 56 رنز کے عوض دو وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز کو پہلی اننگز میں 296 رنز کی سبقت حاصل ہوگئی۔ اسطرح زمبابوے اے کو فالو آن کا سامنا کرنا پڑا۔ میزبان ٹیم نے دوسری اننگز میں بہتر بیٹنگ کی۔
اوپنرز جوئے لارڈ گمبی اور تانونورواماکونی نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 125 رنز کا اضافہ کیا۔ ماکونی آٹھ چوکوں کی مدد سے 57 رنز بناکر محمد علی کی گیند پر وکٹ کیپر روحیل نذیر کے ہاتھوں کیچ ہوئے۔

کھیل ختم ہونے پر جوئے لارڈ گمبی ایک سو اکیس گیندوں پر نو چوکوں کی مدد سے 74 رنز بناکر ناٹ آؤٹ تھے۔ پہلی اننگز میں نصف سنچری بنانے والے ڈیون مائرز 17 رنز پر کھیل رہے تھے۔

پاکستان شاہینز کو اب بھی 139 رنز کی سبقت حاصل ہے۔

میچ کا مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز پہلی اننگز 521 رنز 3 کھلاڑی آؤٹ ڈکلیئرڈ۔ عمیر بن یوسف 250 ناٹ آؤٹ۔ محمد حریرہ 178۔ حسین طلعت 51 ناٹ آؤٹ۔
زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 225۔ ڈیون مائرز 56۔ مہران ممتاز 47/5 وکٹ۔
اور دوسری اننگز۔ 157 رنز ایک کھلاڑی آؤٹ۔ ماکونی 57۔ جوئے لارڈ گمبی 74 ناٹ آؤٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial